# بگ ڈیٹا تجزیہ | منشیات اور ممنوع اشیاء

خیبر پختونخوا میں، **35%** گھرانوں نے گزشتہ پندرہ دنوں میں نسوار خریدنے کی اطلاع دی، جس کی شرح باقی تمام علاقوں کی نسبت سب سے زیادہ رہی ۔ اس کے مقابلےپنجاب میں اس حوالےسے شرح بالکل مختلف رہی ، جہاں صرف **7%** گھرانوں نے اس کی خریداری کا بتایا۔ بلوچستان میں ، **27%** گھرانے باقاعدگی سے نسوار کا استعمال کرتے ہیں، یہ اس علاقے میں نسوار کی نمایاں ترجیح کو ظاہر کرتا ہے، جو ملک کے دیگر حصوں کے مقابلے میں کہیں زیادہ ہے۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan (www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk www.gilanifoundation.com)*

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

(Also emailed*/faxed separately)

# پریس ریلیز

## بگ ڈیٹا کا تجزیہ

### منشیات اور ممنوع اشیاء

## نسوار خیبر پختونخوا اور بلوچستان کی کہانی: خیبر پختونخوا کے 35% اور بلوچستان کے 27% گھرانوں نے نسوار کا استعمال کرنے کا بتایا، جبکہ پنجاب میں اس کے استعمال کی شرح صرف 7% پائی گئی۔

(اسلام آباد، 06 فروری 2026)

پاکستان میں گزشتہ پندرہ دنوں کے دوران، 16% گھرانوں نے نسوار (یا پان) پر پیسے خرچ کرنے کی اطلاع دی۔ لیکن جب اعداد و شمار کو علاقے کے اعتبار سے دیکھا جائے تو تصویر واضح طور پر بدل جاتی ہے۔ قومی اعداد و شمار کے پیچھے علاقوں کے درمیان بڑا فرق چھپا ہوا ہے، خیبر پختونخوا اور بلوچستان نسوار کے استعمال کے لحاظ سے سب سے آگے ہیں۔

خیبر پختونخوا میں، 35% گھرانوں نے گزشتہ پندرہ دنوں میں نسوار خریدنے کی اطلاع دی، جس کی شرح باقی تمام علاقوں کی نسبت سب سے زیادہ رہی۔ اس کے مقابلے پنجاب میں اس حوالے سے شرح بالکل مختلف رہی، جہاں صرف 7% گھرانوں نے اس کی خریداری کا بتایا۔ بلوچستان میں، 27% گھرانے باقاعدگی سے نسوار کا استعمال کرتے ہیں، یہ اس علاقے میں نسوار کی نمایاں ترجیح کو ظاہر کرتا ہے، جو ملک کے دیگر حصوں کے مقابلے میں کہیں زیادہ ہے۔

اسلام آباد اور سندھ میں اس حوالے سے شرح کم رہی۔ جہاں بالترتیب 15% اور 13% گھرانوں نے نسوار خریدنے کی اطلاع دی۔ یہ شرح خیبر پختونخوا اور بلوچستان کے مقابلے میں کم، مگر پھر بھی قابلِ ذکر ہے۔

اس حوالے سے دیہی اور شہری علاقوں کا فرق بھی نمایاں ہے۔ دیہی علاقوں کے 17% گھرانے نسوار خریدنے یا استعمال کرنے کی اطلاع دیتے ہیں، جبکہ شہری علاقوں میں یہ شرح صرف 13% پائی گئی۔ دیہی اور شہری علاقوں کا یہ درمیانی فرق ظاہر کرتا ہے کہ نسوار کا استعمال دیہی علاقوں میں زیادہ عام ہے، جس کی ممکنہ وجوہات ثقافتی روایات، آسان دستیابی اور علاقائی پسند ہو سکتی ہیں۔

یہ اعداد و شمار اُن ثقافتی اور سماجی عوامل کو واضح کرتے ہیں جو استعمال کے رجحانات پر اثر انداز ہوتے ہیں اور جو اکثر قومی اعداد و شمار کے پیچھے کہیں چھپ جاتے ہیں۔ بظاہر یہ ایک قومی رجحان لگتا ہے، مگر حقیقت میں یہ علاقائی اور دیہی و شہری فرق کی کہانی ہے۔ پاکستان میں نسوار کا استعمال گہری ثقافتی عادات کی عکاسی کرتا ہے، جو مختلف علاقوں اور دیہی و شہری آبادی کے درمیان نمایاں طور پر مختلف ہیں۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

یہ تجزیہ ہاؤس ہولڈ انٹیگریٹڈ اکنامک سروے (HIES) کے ڈیٹا پر مبنی ہے اور گیلپ پاکستان کے ڈیجیٹل اینالیٹکس ڈیش بورڈ کے ذریعے پیش کیا گیا ہے۔ مکمل ڈیش بورڈ تک رسائی یہاں سے حاصل کی جاسکتی ہے: گیلپ پاکستان ڈیجیٹل اینالیٹکس ڈیش بورڈ۔

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***
*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Friday, 06 February 2026**

*(2 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policymakers, and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently, Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as* ***Gallup Pakistan*** *(not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by* ***Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association.***

*For more details about the Gallup International Association and to stay connected, please visit:*

- Official Website: www.gallup-international.com
- Instagram: https://www.instagram.com/gallup_international
- Facebook:https://www.facebook.com/people/Gallup-International-Association/100089179655116/
- LinkedIn: https://www.linkedin.com/company/gallup-international-association

Daily Gilani Poll
2026

celebrating 46 years of Gallup Pakistan (1980-2026)